جناب فاطمہ زہرا (س) کی یوم ولادت پر، مجرمین کی سزا میں تخفیف دی گئی یا انہیں معاف کردیا گیا - 14 /Mar/ 2017

رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے یوم ولادت دختر رسول اکرم جناب فاطمہ زہرا (س) کے موقع پر بعض مجرمین کی معافی یا ان کی سزا میں تخفیف دینے پر رضامندی ظاہر کردیـ اس حکم کے تحت ایسے مجرمین کو معاف کر دیا جائے گا یا ان کی سزا میں تخفیف دی جائے گی جنہیں 19 مارچ سن 2017 تک عدالت کی جانب سے مجرم قرار دیا جا چکا ہوـ رہبر انقلاب اسلامی نے عدلیہ کے سربراہ آیت اللہ آملی لاریجانی کی درخواست پر ان مجرمین کے ساتھ اسلامی درگزر کے تحت پیش آنے کا حکم جاری کیا ہےـ

اس حکم کا اطلاق ان لوگوں پر نہیں ہوگا جو مسلحانہ کارروائی، منشیات کی اسمگلنگ، اسلحے کی اسمگلنگ، ملک کے اقتدار اعلی کے خلاف کارروائی، معاشرے میں دہشت پھیلانے والے اقدامات، مالی اور اخلاقی بدعنوانی یا جعلی نوٹوں کی اشاعت میں ملوث رہے ہوںـ